Urdu

# Metformin کے ساتھ علاج

## علاج کے متعلق مختصر اً

Metformin ایک ایسی دوا ء ہے جو خون میں شوگر کو کم کرتی ہے۔ ٹائپ 2 ذیابیطس کے زیادہ تر لوگ اپنا علاج metformin سے شروع کرتے ہیں، جو سالہا سال سے ٹائپ 2 ذیابیطس کے علاج کے لیے استعمال ہوتی رہا ہے۔

Metformin جسم کی انسولین کی حساسیت کو بڑھا کر کام کرتی ہے اور اس طرح آپ کا اپنی انسولین بہتر کام کرتی ہے۔ Metformin کے استعمال کا وزن بڑھنے سے کوئی تعلق نہیں ہے اور metformin کے نتیجے میں خون میں شوگر نیچی ہو جانے کا خطرہ بہت کم ہے۔

## Metformin لینے کا طریقہ

پیٹ کے درد اور پیٹ میں ہوا سے بچنے کے لیے گولیاں (500 ملی گرام) صبح و شام کھانے کے ساتھ لیں۔ ذیل کے جدول میں دیکھیں کہ کیسے:

| | صبح | شام |
|---|---|---|
| ہفتہ نمبر 1 | کوئی گولی نہیں | 1 گولی |
| ہفتہ نمبر 2 | 1 گولی | 1 گولی |
| ہفتہ نمبر 3 | 1 گولی | 2 گولیاں |
| ہفتہ نمبر 4 اور آئندہ (پوری خوراک) | 2 گولیاں | 2 گولیاں |

جب 4 ہفتوں کے بعد آپ پوری خوراک یعنی 4 گولیاں روزانہ تک پہنچ چکے ہوں تو آپ 2 گولیاں صبح اور 2 گولیاں شام کے وقت کھاتے رہیں۔ مکمل خوراک صبح کے وقت 1 گرام metformin اور شام کو 1 گرام metformin کے مساوی ہے۔

## آپ کو metformin نہیں لینا چاہئے اگر:

- آپ الٹی، اسہال یا سانس لنے میں دشواری سے بیمار ہو جاتے ہیں، اور پانی کی کمی کا شبہ ہو سکتا ہے۔ ان صورتوں میں، آپ کو metformin سے وقفہ لینا چاہیے۔ اگر ممکن ہو تو آپ اپنے خون میں شوگر کی پیمائش کریں۔ اگر ضروری ہو تو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- چونکہ یہ دواء آپ کے گردوں کی کارکردگی کو متاثر کرسکتی ہے ، اس لئے آپ کو بر عکس مواد کے ساتھ ایکسرے کا معائنہ کرانا ہوگا۔

آپ  ڈاکٹر سے اس بارے میں بات کریں کہ بر عکس مواد  کے ساتھ ایکسرے  معائنوں کے سلسلے میں آپ نے metformin  علاج کو کب روکنا اور دوبارہ شروع کرنا ہے۔

## ممکنہ ذیلی اثرات

Metformin  اس صورت میں ذیلی اثرات کا سبب بن سکتی ہے:

- بھوک میں کمی
- متلی
- قے
- پیٹ میں درد
- اسہال

ذیلی اثرات عام طور پر علاج شروع کرنے کے فوراً بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ زیادہ تر صورتوں میں، وہ چند ہفتوں میں غائب ہو جاتے ہیں.

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen)  سے اوقات کار میں ہر دن  08.00 تا 16.00 بجے  ٹیلی فون نمبر 00 08 68 39 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730